

# THE INTELLECT BULLETIN

MONTHLY | JUNE-JULY 2015 | SHEBAN-RAMADAN 1436 A.H | VOL-1, ISSUE-5


## News & Views

# Russian Mosque Reopens for Muslims

### The Red Juma Mosque located in Russia's Tomsk region has reopened for worship after 90 years.

The mosque was first opened in 1901 but was seized and closed in the 1920s to be used as a cinema and then a restaurant that served alcohol.

In 2002, restorations began to open the mosque for worship. An official ceremony marked the opening of the mosque for the Muslim population.

Tomsk Governor, Mayor, Chechen Republic Parliament Speaker, and Chechen Republic officiated the ceremony which was also attended by



numerous representatives of the Islamic community as well as hundreds of Muslims that were part of the congregation.

The ceremony was opened with a recitation from the Holy Quran and a special speech to thank the attendees.

The Tomsk community had assisted with the renovations of the mosque and the Russian governor pointed out how the restoration of the mosque beautified the entire city.

Friday congregational prayers were held with the attendees once the ceremony was over, and this marked the mosque as being open for service.

# Istanbul's Hagia Sophia sees first Quran reading in 85 years

### A passage from the Quran, was recited late Friday at a ceremony in the Hagia Sophia to mark the opening of a new exhib ition "Love of the Prophet g."

A Muslim cleric has for the first time in 85 years recited the Quran in the



Hagia Sophia, the world famous landmark of Istanbul which is now a museum after serving as a church and a mosque.

The Hagia Sophia was turned into a museum accessible to all by the secular founders of modern Turkey in the 1930s and secular Turks are wary of any moves to re-Islamize the building.

A passage from the Quran, was recited late Friday at a ceremony in the Hagia Sophia to mark the opening of a new exhibition "Love of the Prophet g."

The ceremony was attended by top Turkish officials including

The exhibition inside the

# 7 million Umrah pilgrims expected in next 2 months

### From the start of the current Umrah season which began on November 23, 2014 until May 16, 2015 , the airport received 23,000 flights carrying 4.4 million pilgrims.

King Abdulaziz International Airport (KAIA) in Jeddah, the main gateway to Islam's two holiest cities, Makkah and Madinah – is bracing itself to receive around 20,000 flights carrying more than 7 million Umrah pilgrims from all over the world from today until the end of Ramadan.


From the start of the current Umrah season which began on Nov. 23 until May 16, the airport received 23,000 flights carrying 4.4 million pilgrims, according to a report by Makkah daily.


The Director of Haj and Umrah services at the airport, said the Haj terminal has been readied to receive the pilgrims.

The terminal has 14 lounges for arrivals and departures.


"The terminal will work full force with enough staff to serve pilgrims until mid Shawwal (July 31)," He said.

According to him, the service staff will receive the pilgrims when they Page 2

















# Chinese University Bans Hijab for Muslims

### A university in an area with a large Muslim population has banned the hijab for Muslim female students. Another student was accused of preaching after he was seen to be reading from the Quran in the cafeteria.

A university in central China has sparked controversy after issuing a rare order banning female students from wearing headscarves on campus.

Shaanxi Normal University in Xian, a city with a large Islamic population, reportedly told nine female Muslims to remove their veils in April and then issued a notice banning Islamic headscarves earlier this month.

In a report another male student also was accused of "illegal preaching" after he was caught reading the Quran in the cafeteria at the same university last month.

"We accept their customs. But our bottom line is that we do not allow students to engage in religious activities," a university official, wrote on the Chinese question-and-answer website after debate over the ban went viral.

"The headscarf ban has spread to all Muslim students of various ethnic groups, including Uyghur, Kazak and Hui people, as the authorities claimed that the ban was released by the Ministry of Education," the students said.

Xian has traditionally seen few restrictions on its multi-ethnic population which includes at least 50,000 minority Hui Muslims, many of whom live in the narrow streets around the city's Great Mosque, the oldest in China.

Some areas of Xinjiang began enforcing bans on veils last year, including Turpan where authorities drafted legislation closely modeled on Islamic head-dress prohibitions enacted in France and Belgium.



## FACTS, EVENTS & BELIEFS

# Masjid-al-Qiblatain

Masjid al-Qiblatain (Mosque of two Qiblas) is situated in Madina . It is the Mosque where our beloved Prophet g received a revelation to change the direction of prayer (qibla) from Bait-al-Maqdis in Jerusalem to Ka'abah in Makkah, when he was leading a prayer.

Allah c's apostle g was leading the prayer (some scholars say it was the Asar paryers) when he received a revelation from Allah ordering him to take the Ka'abah as a direction to prayer.

During his time in Makkah, our beloved Prophet g used to pray in the direction of Bait-ul-Maqdis but would alwaus hope that it would be changed.

It was in Madina that he received the following revelation:

"We have been seeing you turning your face to the heavens. So, We will certainly assign to you a Qiblah that you would like. Now, turn your face in the direction of the Sacred Mosque (Al-Masjid-ul-Haram), and (O Muslims), wherever you are, turn your faces in its direction. Even those who have been given the Book know well that it is the truth from their Lord, and Allah is not unaware of what they do." (Quran-2:44)

While it was a day of joy for the Muslims, it was a day of mourning for the Jews as Muslims had now become completely independent of them and a prophecy in their old books had been fulfilled. According to the prophecy, the last of the geat Prophets of Allah g would change the orientation of the religion of Allah c from Jerusalem to the ancient house of Hazrat Ibrahim m.

Their elder went to Allah's Prophet g demanding the Qibla be changed again towards Jerusalem and that they will embrace Islam if done so. To which Allah c replied:

"Even if you bring every sign to those who have been given the Book, they would not follow your Qiblah, and you are not to follow their Qiblah, nor are they to follow each other's Qiblah. If you were to follow their desires despite the knowledge that has come to you, you will then certainly be among the unjust." (Quran-2:145)

The Mosque has got two unique prayer niches (mihrabs). Masjid al-Qiblatain was later renewed to remove the old prayer niche which faced Jerusalem and leaving the one facing Makkah.



# دی انٹیلیکٹ بلیٹن

ماہنامہ | جون - جولائی 2015ء | شعبان - رمضان 1436ھ | جلد نمبر 1، شمارہ نمبر 5




حضور اکرم ﷺ اور صحابہ کرام ؓ کے بعد جب مسلمانوں کی زندگیوں میں دنیا کی محبت بڑھنے لگی تو حضرت حسن بصری ؒ نے ایک دن منبر پر بیٹھ کر لوگوں کو انتہائی ایمان افروز خطبہ ارشاد فرمایا

صحابہ کرامؓ کے شب و روز ، ایک فکر انگیز تحریر صفحہ نمبر 2 پر



رمضان میں اللہ کے سامنے گڑگڑانا، رونا دھونا اور مانگنے کی کثرت کرنا چاہیے یہ اللہ سے لینے کا مقدس مہینہ ہے۔ رات کے وقت منادی آواز دیتا ہے ڈھونڈو اللہ سے، دربار کا دروازہ کھلا ہوا ہے اللہ بیٹھا ہے دینے کے لیے اور افطار کے وقت تو خاص طور پر دعائیں قبول ہوتی ہیں۔

رمضان آخرت کی کمائی کا مہینہ ایک روح پرور تحریر، صفحہ نمبر 2 پر




## مرنے کے بعد بھی زندگی ہے، دوسری زندگی کی منکر سائنس کا اقرار: ٹیکناچی یونی ورسٹیٹ جرمن میں تجربات کے سربراہ ڈاکٹر برتھولڈ ایکرمین

### تجربات میں شامل 944 افراد پر ادویات کی مدد سے 20 منٹ تک کلینیکلی موت طاری، پھر سی پی آر مشین اور ادویات کی مدد سے دوبارہ زندگی کی بحالی

### ہم نے اپنے جسم کو اوپر اٹھتے محسوس کیا، جسم مردہ ہونے کے باوجود سب احوال کا مشاہدہ ہو رہا تھا: قریب المرگ تمام افراد کے ملتے جلتے بیانات

برلن (مانیٹرنگ ڈیسک) جرمنی کے ماہرین اور محققین نے دعویٰ کیا ہے کہ ان کے تجربات سے ثابت ہوگیا ہے کہ موت کے بعد بھی زندگی جاری رہتی ہے اگرچہ اس کی نوعیت ہماری دنیا کی زندگی سے مختلف ہوتی ہے۔

یہ تجربات جرمن کی ٹیکناچی یونیورسٹیٹ (Techniche Universtiat) میں کارڈیو پلونری ریسی ٹیشن مشین کی مدد سے کیے گئے جن میں مختلف مذاہب سے تعلق رکھنے والے 944 افراد نے شرکت کی۔ تجربات میں شامل افراد کو ادویات کی مدد سے 20 منٹ کے لیے کلینیکلی موت کی کیفیت میں پہنچایا گیا۔ یہ ایسے ہی ہے جیسے کسی کی حقیقی موت واقع ہوجائے لیکن اس کی خاص بات ہے کہ سی پی آر مشین اور ادویات کی مدد سے ان کی زندگی دوبارہ بحال کی جاسکتی ہے۔ تجربات میں شامل قریب المرگ سب افراد نے ملتے جلتے تجربات بیان کیے جن میں اوپر اٹھ جانے، بہت سکون محسوس ہونے اور جسم مردہ ہونے کے باوجود سب احوال کا مشاہدہ کرنا شامل ہے۔ تحقیق کے سربراہ ڈاکٹر برتھولڈ ایکر مین کا کہنا تھا کہ ان تجربات نے ثابت کردیا ہے کہ جسم مردہ ہونے سے زندگی کا اختتام نہیں ہوتا بلکہ انسان ایک لطیف حالت اور کیفیت میں چلا جاتا ہے اور ایک نئی زندگی کا آغاز ہوجاتا ہے۔



## 19 جون کو پہلا روزہ اور 19 جولائی کو ممکنہ طور پر عید الفطر ادا کی جائے گی

### دنیا بھر میں سب سے طویل روزہ ڈنمارک اور سب سے مختصر روزہ ارجنٹینا میں ہوگا

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) توقع ہے کہ رمضان المبارک کا پہلا روزہ 19 جون کو ہوگا اور عید الفطر کی ادائیگی 19 جولائی کو کی جائے گی۔ دنیا بھر کے مسلمان ایک آدھ دِن کے فرق سے روزے کی عظیم الشان عبادت ادا کریں گے، مختلف ممالک میں روزے کا دورانیہ مختلف ہوگا۔ اس سال ماہِ رمضان میں سب سے زیادہ طویل روزہ ڈنمارک میں ہوگا، جس کا دورانیہ 21 گھنٹے ہوگا، جب کہ ارجنٹیا میں صرف ساڑھے 9 گھنٹے کا مختصر ترین روزہ ہوگا۔ دبئی میں روزے کی طوالت 14 گھنٹے 51 منٹ ہوگی، جب کہ پاکستان میں روزہ تقریباً 15 گھنٹے کا ہوگا۔ آئس لینڈ، سویڈن اور ناروے میں روزہ 20 گھنٹے، نیدر لینڈ اور بیلجیم میں ساڑھے 18 گھنٹے، اسپین میں ساڑھے 17 گھنٹے، انگلینڈ اور جرمنی میں ساڑھے 16 گھنٹے، امریکا، فرانس، اٹلی اور مصر میں تقریباً 16 گھنٹے، بحرین، سعودی عرب، تیونس اور فلسطین میں تقریباً 15 گھنٹے، یمن میں 14 گھنٹے 50 منٹ، قطر میں 14 گھنٹے 40 منٹ، کویت، عراق، شام، مراکش، الجیریا، لیبیا اور سوڈان میں 14 گھنٹے، میکسیکو میں 13 گھنٹے 20 منٹ، برازیل میں 11 گھنٹے، جنوبی افریقہ میں ساڑھے 10 گھنٹے، آسٹریلیا میں 10 گھنٹے کا روزہ ہوگا۔

## 2070ء تک اسلام دنیا کا سب سے بڑا مذہب اور 2050ء تک بھارت سب سے زیادہ مسلم آبادی والا ملک بن جائے گا: نئی تحقیق

### اس وقت عیسائی مذہب سب سے بڑا مذہبی گروہ ہے، لیکن اسلام قبول کرنے والوں کی شرح سب سے زیادہ ہے

واشنگٹن (مانیٹرنگ ڈیسک) ایک نئی تحقیق کے مطابق 2050ء تک بھارت انڈونیشیا کو پیچھے چھوڑ کر سب سے زیادہ مسلم آبادی والا ملک بن جائے گا۔ واشنگٹن میں واقع پیو ریسرچ سینٹر کا کہنا ہے کہ اس وقت دنیا کی تیسری سب سے بڑی آبادی ہندو مذہب کے ماننے والوں کی ہوگی اور بھارت اگرچہ مسلم آبادی والا سب سے بڑا ملک بن جائے گا، لیکن تب بھی اس میں ہندوؤں ہی کی اکثریت رہے گی، البتہ اس وقت پوری دنیا میں مسلمانوں اور عیسائیوں کی آبادی برابر ہو جائے گی۔

اگلی چار دہائیوں میں عیسائی مذہب سب سے بڑا مذہبی گروہ بنا رہے گا لیکن کسی بھی مذہب کے مقابلہ اسلام سب سے تیز رفتار سے آگے بڑھے گا۔ اگر موجودہ رجحان برقرار رہا تو 2070 تک اسلام سب سے بڑا مذہب بن جائے گا۔




اندازہ ہے کہ اگلے چار عشروں میں دنیا کی آبادی 9 اعشاریہ 3 ارب تک پہنچ جائے گی اور مسلمانوں کی آبادی میں 73 فیصد کا اضافہ ہوگا، جب کہ عیسائیوں کی آبادی 35 فیصد بڑھے گی اور ہندوؤں کی تعداد میں 34 فیصد اضافہ ہوگا۔

اس وقت مسلمانوں میں بچے پیدا کرنے کی شرح سب سے زیادہ ہے یعنی اوسطاً ہر خاتون 3 اعشاریہ 1 بچوں کو جنم دے رہی ہے، عیسائیوں میں ہر خاتون اوسطاً 2 اعشاریہ 7 بچوں کو جنم دے رہی ہے اور ہندوؤں میں بچے پیدا کرنے کی اوسط شرح 2 اعشاریہ 4 ہے۔

## آج تک سائنس کی بیان کردہ روشنی کی رفتار درست نہیں: گلاسکو اور ہیریٹ واٹ یونی ورسٹی کے سائنس دان

### روشنی کی رفتار کو سست کرنا محض ایک سائنسی تجربہ ہی نہیں بلکہ اس کے عملی استعمالات بھی ہیں۔ جیسے یہ ناپنا کہ چاند زمین سے کتنی دور ہے

### گھر کو آگ لگ گئی گھر کے چراغ سے، سائنس خود اپنی تحقیقات کا انکار کرنے لگی، سائنس کی پوجا کرنے والوں کے لیے یہ لمحہ فکریہ ہے: اصحابِ فکر

سکاٹ لینڈ (مانیٹرنگ ڈیسک) سکاٹ لینڈ کے سائنس دانوں نے روشنی کو اس کی اصل رفتار سے سست کر دکھایا ہے۔ انھوں نے روشنی کے ذرات فوٹان ایک خصوصی ماسک کے ذریعے ارسال کیے، جس سے ان فوٹانز کی شکل تبدیل ہوگئی، اور وہ روشنی کی اصل رفتار سے سست پڑ گئے۔ جب ان ذرات کو ماسک سے ہٹا کر عام فضا میں بھیجا گیا تب بھی وہ روشنی کی رفتار سے سست سفر کر رہے تھے۔ یہ تجربہ روشنی کے بارے میں سائنس دانوں کے تصورات بدل دینے کی صلاحیت رکھتا ہے۔ گلاسکو اور ہیریٹ واٹ یونی ورسٹیوں کے سائنس دانوں کی یہ تحقیق جریدے سائنس ایکسپریس میں شائع ہوئی ہے۔ خلا میں روشنی کی رفتار تین لاکھ کلومیٹر فی سیکنڈ ہے اور اسے سائنسی مطلق اکائی مانا جاتا ہے۔ روشنی کی رفتار کو سست کرنا محض ایک سائنسی تجربہ ہی نہیں بلکہ اس کے عملی استعمالات بھی ہیں۔ روشنی کو بعض انتہائی حساس پیمائشوں کے لیے بھی استعمال کیا جاتا ہے، جیسے یہ ناپنا کہ چاند زمین سے کتنی دور ہے۔ اصحابِ فکر کا کہنا ہے کہ کوئی بھی صاحبِ فکر سائنس کی حقیقت اور وجود کا انکار نہیں کر سکتا، کیوں کہ سائنس عقل کی معراج ہے، لیکن جس طرح عقل کا درجہ وحی اور پیامِ الٰہی سے کم ہے، اسی طرح سائنس کے تجربات بھی کسی طرح آسمانی مذہب یا اسلامی تعلیمات سے آگے نہیں نکل سکتے، اس لیے سائنس کا انکار جس طرح عقل مندی نہیں کہلا سکتا، اسی طرح سائنس پر اندھا ایمان بھی کہیں کی دانش مندی نہیں ہو سکتی۔

## بیت السلام ویلفیر ٹرسٹ کے تحت کراچی کے بعد پنجاب میں بھی ایمبولینس سروس کا کامیاب آغاز

### فروری ۲۰۱۵ء سے اس سروس کا آغاز ہوا، اب تک بیسیوں مریضوں کو بروقت ہسپتال پہنچایا جا چکا ہے

### ایمبولینس کا سفر زیادہ تر تلہ گنگ سے اسلام آباد، راول پنڈی اور لاہور کی طرف ہوتا ہے

تلہ گنگ (نمائندہ خصوصی) بیت السلام ویلفیر ٹرسٹ کے تحت کراچی کے بعد پنجاب میں بھی ایمبولینس سروس کا آغاز ہو چکا ہے۔ فروری 2015ء سے اس سروس کا آغاز ہوا، اور اب تک بیسیوں مریضوں کو اس کے ذریعے بروقت ہسپتال پہنچایا جا چکا ہے۔ واضح رہے کہ ابتدائی طور پر یہ سروس تلہ گنگ میں شروع کی گئی ہے، جہاں سے ایمبولینس کا زیادہ تر سفر اسلام آباد، راول پنڈی اور لاہور کے بڑے ہسپتالوں کی طرف ہوتا ہے۔ ایمبولینس روزانہ تقریباً 400 کلومیٹر کا سفر طے کرتی ہے۔ اس کے علاوہ یہ ایمبولینس ڈیڈ باڈی لے جانے میں بھی استعمال ہوتی ہے۔








## جامعہ بیت السلام کراچی کی گزشتہ ماہ تین اہم کامیابیاں

### وزارتِ مذہبی امور کے تحت آل پاکستان مقابلہ حفظ و قرات میں دوسری پوزیشن

### وفاق المدارس میں 95% نتیجہ، آل کراچی بین المدارس مقابلہ حفظِ قرآن کریم میں جامعہ بیت السلام کراچی کے طالب علم کی پہلی پوزیشن

کراچی (نمائندہ خصوصی) جامعہ بیت السلام کراچی کا شعبہ حفظ اپنی معیاری تعلیم اور مثالی تربیت کی وجہ سے پاکستان بھر میں اپنی نمایاں پہچان رکھتا ہے۔ گزشتہ ماہ جامعہ بیت السلام کراچی کے شعبہ حفظ نے تین اہم کامیابیاں حاصل کیں، جن میں پہلی اور سب سے اہم کام یابی یہ ہے کہ وفاق المدارس العربیہ کے تحت ہونے والے حفظ القرآن الکریم کے امتحانات میں جامعہ کا نتیجہ 95% رہا۔ اس سال جامعہ سے 25 طلبہ کرام نے وفاقی امتحان میں شرکت کی۔ دوسری اہم کام یابی جو جامعہ کے شعبہ حفظ کو حاصل ہوئی وہ وفاقی وزارتِ مذہبی امور کے تحت اسلام آباد میں منعقد ہونے والے آل پاکستان مقابلہ حفظ و قرآت میں جامعہ بیت السلام کے طالب علم حافظ شاہ سعود کی دوسری پوزیشن کے ساتھ نمایاں کام یابی حاصل کرنا ہے۔ تیسری اہم کام یابی جو جامعہ بیت السلام کے شعبہ حفظ کو حاصل ہوئی، وہ کراچی سطح پر ہونے والے آل کراچی بین المدارس مقابلہ حفظِ قرآن کریم میں پہلی پوزیشن حاصل کرنا ہے۔ اس مقابلے میں کراچی کے تقریبا 10 مدارس کے 21 طلبہ نے شرکت کی، جن میں سے جامعہ کے حافظ شاہ سعود اول رہے۔

## جامعہ بیت السلام تلہ گنگ کا تیسرا سالانہ اصلاحی و تعلیمی اجتماع، 10,000 افراد کی شرکت

### ۲۲ حافظِ قرآن بچوں کی دستار بندی، نیز عربی اور انگریزی زبانوں میں طلبہ نے نظمیں اور تقریریں بھی پیش کیں

### ہر ایک یہ سوچے کہ وہ اور اس کی اولاد اسلام اور امتِ مسلمہ کی کیا خدمت کر رہی ہے: رئیس الجامعہ کا اختتامی بیان

تلہ گنگ (نمائندہ خصوصی دی انٹیلیکٹ بلیٹن) جامعہ بیت السلام تلہ گنگ کا تیسرا سالانہ اصلاحی و تعلیمی اجتماع اختتام پذیر ہوگیا ہے۔ تقریب کے پہلے مرحلے میں جامعہ بیت السلام کے نونہالوں نے عمدہ اور خوبصورت آواز میں قرآن مجید کی تلاوت، نعتیہ کلام اور عربی و انگریزی زبانوں میں تقریریں کیں۔ پھر وفاق المدارس العربیہ کے رکن مولانا قاضی عبدالرشید نے 22 قرآن پاک کے حافظ بچوں کی دستار بندی فرمائی۔ دستار بندی کے بعد قاضی صاحب نے اپنے بیان میں فرمایا: پورا دین یہی ہے کہ ہمیں اپنے جسم کا صحیح استعمال کرنا آجائے۔ انہوں نے جامعہ بیت السلام کے حوالے سے فرمایا کہ "جامعہ بیت السلام ایک دینی درسگاہ کے ساتھ عملی تربیت گاہ بھی ہے۔ جامعہ بیت السلام والوں نے ان بچوں پر اتنی محنت کی کہ گویا گدڑی میں لعل پیدا کردیے۔"



نمازِ مغرب کے بعد تقریب کا دوسرا مرحلہ شروع ہوا۔ اس مرحلے میں بیت السلام ویلفیر ٹرسٹ کی رفاہی خدمات کے حوالے سے بنائی گئی تعارفی ڈاکومنٹری دکھائی گئی۔ جس میں بیت السلام ویلفیر ٹرسٹ کی جانب سے عوام کی فلاح و بہبود کے لیے شروع کیے گئے منصوبہ جات کا تعارف پیش کیا گیا۔

بیت السلام ویلفیر ٹرسٹ کے بانی مولانا عبدالستار حفظہ اللہ نے مجمع سے خطاب کرتے ہوئے فرمایا کہ یہ ہمارا مل کر بیٹھنا اس بات کا تقاضا کرتا ہے کہ ہم میں سے ہر ایک یہ سوچے کہ میں اسلام اور امت مسلمہ کی کیا خدمت کر رہا ہوں۔ میری صلاحیتیں اور میری اولاد اسلام اور اہلِ اسلام کی خدمت میں پیش پیش ہیں یا نہیں۔ کہیں ایسا تو نہیں کہ ہم اغیار کے پھیلائے ہوئے پروپیگنڈوں کا شکار اور ان سے خواہ مخواہ متاثر ہو رہے ہوں۔

تقریب سے اختتامی بیان کرتے ہوئے عالمی مجلس تحفظِ ختم نبوت کے امیر ڈاکٹر عبدالرزاق اسکندر کا کہنا تھا کہ آدمی اپنے اور اپنے گھر والوں کا نگہبان ہے۔ جس طرح وہ گھر والوں کے خرچ کا بندوبست کرتا ہے، اسی طرح اسے یہ بھی چاہیے کہ وہ اپنے گھر والوں کے دین و ایمان کی فکر کرے۔ قیامت کے دن اس سے اس بات کی پوچھ ہوگی۔